ΕΛΛΗΝΙΚΗ ΔΗΜΟΚΡΑΤΙΑ
Υπουργείο Μετανάστευσης & Ασύλου

# ضابطہ برائے ڈبلن III



ڈبلن III کے ضابطہ کا مقصد پناہ کے طریقے کار تک رسائی حاصل کرنا اور کسی ایک ریاست (ملک) کی طرف سے بین الاقوامی تحفظ کی درخواست کی جانچ کرناہے - (یورپی یونین کے ) رکن ملک جو درخواست کی جانچ پڑتال کے ذمہ دار ہیں ، ضابطے سے کسی ایک ملک کی ذمہ داری کا تعین ہوتاہے -

ذمہ دار کا تعین کرنے کے لیے جو معیار ہے اس کی درجہ بندی مندرجہ ذیل ہے -

- خاندانی تعلق (رشتہ) -
- داخلے کے کاغذات (ویزا) یا ممبر ملک کا رہائشی اجازت نامہ اور -
- اگر درخواست گزار یورپی ملک میں قانونی داخل ہوا یا غیر قانونی -

## ڈبلن III کا ضابطہ کیا ہے -

ڈبلن III کے ضابطہ یہ طے کرتا ہے کہ اس کے پابند یورپی ممالک میں سے کون آپ کی درخواست کی جانچ کے لیے ذمہ دار ہے-

جب آپ بین الاقوامی تحفظ کے لیے درخواست دیں گے تب آپ کے خاندان کے افراد جن کی عمر 14 سال سے ذیادہ ہے کےان کے انگلیوں کے نشانات (فنگر پرنٹ) لیے جائیں گے - ضابطہ برائے ڈبلن III سے نتیجہ خیزی کے لیے نشانات (فنگر پرنٹ) یورپی یونین کے بنیادی ڈسک (EURODAC) میں متعارف کرائے جائیں گے -

یورپی یونین کے 27 ممالک پر ڈبلن III کا ضابطہ کار نافز ہوتا ہے - ( اسٹریا ، بیلجیم ، بلغاریہ ، فرانس ، جرمن ، یونان ، ڈنمارک ، سویزرلینڈ ، اسٹونیا ، ائیرلینڈ ، آی لینڈ ، سپین ، اٹلی ، مالٹا ، ناروے ، ہالینڈ ، ہنگری ، پولینڈ ، پرتگال ، رومانیہ ، سلواکیا ، سلونیا ، سویڈن ، چیک ، فن لینڈ)

برطانیہ برگزٹ کے بعد صرف 31/12/2020 تک کفالت کی گئی درخواستوں کا پابند ہے ، برطانیہ کے لیے کفالت کی نئی درخواستیں ممکن نہیں -

## دوسرے رکن ممالک میں خاندان – انحصار اور انسانی حقوق

اگر آپ بناء ہمراہ نابالغ ہیں اور آپ کے خاندان کا کوئی بھی فرد (والدین ، بہن بھائی ، والدین میں سے کسی کا بہن بھائی ، دادا ، دادی ، نانا ، نانی) ڈبلن III کے کسی بھی ملک میں قانونی طور پر (مقیم ) ہے - تو آپ کے ذاتی فائدے کے لیے اور اگر آپ رضامند ہیں تو وہ حکومت آپ کی درخواست کی جانچ پرتال کی ذمہ دار ہے - آپ کی دلچسپی (ذاتی فائدے)کی جانچ کا دارومدار صفحے کے اخر پر موجود فارم (پُر درج کوائف و معلومات)کی بنیاد پر ہے جو آپ کے نمائندے کی طرف سے (مہیا)کی جاتی ہیں -

اگر آپ بناء ہمراہ نابالغ ہیں اور آپ کے خاندان میں سے کوئی بھی ممبر ڈبلن III کے کسی بھی ملک میں نہیں ہے تو پھرآپ کی درخواست کی جانچ پڑتال یونان میں ہو گی -

اگر آپ بالغ ہیں اور آپ کے خاندان کا کوئی بھی ممبر ، قطع تعلق کے آپ کے تعلق اپنے ملک سے ہی (اس سے) تھے ، مندرجہ بالا ممالک میں سے کسی بھی ملک میں عالمی پناہ کا حقدار ہے تو پھر وہ حکومت اگر آپ دونوں خواہش مند ہیں تو آپ کی درخواست کی جانچ پڑتال کی ذمہ دار ہے ۔

اگر آپ بالغ ہیں اور خاندان کا کوئی رکن جس کے ساتھ آپ نے پہلے اپنے اصل ملک میں تعلقات استوار کیے ہیں وہ مذکورہ ریاستوں میں سے کسی ایک میں پناہ کے درخواست گزار کے طور پر ہیں اور اگر دونوں فریق چاہیں تو وہ ریاست آپ کی درخواست کی جانچ کرنے کی ذمہ دار ہے۔

## خاندان کے افراد مانے جاتے ہیں :

- میاں بیوی یا شریک حیات جن کے آزادانہ ذاتی تعلق کسی وجہ سے مربوط ہیں (حق کی شرط کے ساتھ یا جہاں رکن ممالک کا خاندانی ضابطہ تیسرے ممالک کے غیر شادی شدہ جوڑے سے ایک جیسے حق کی بنیاد کے ساتھ سلوک کرتا ہے ۔ )
- آپ کے نابالغ بچے (بشرطیکہ وہ غیر شادی شدہ ہوں، چاہے وہ ازدواجی زندگی میں پیدا ہوئے ہوں یا اس سے باہر یا گود لیے ہوئے ہوں، جیسا کہ قومی قانون میں بیان کیا گیا ہے)۔
- اگر آپ بالغ ہیں اور حمل زچگی کی وجہ سے انتہائی کمزوری یا شدید معذوری یا بڑی عمر کی وجہ سے نو زائیدہ (نومولود بچے) کو اپنے ، بہن بھائی اور آپ کو اپنے والدین کی مدد درکار ہے ، جو قانونی طور ہرممبر ملک میں رہتے ہیں ، تو ممبر ملک (حکومت) آپ کو اس شرط کے ساتھ ملا سکتے ہیں کہ آپ کے آپس میں اپنے آبائ ملک میں تعلقات اچھے تھے ، اور منحصر کو مناسب دیکھ بھال مل سکتی ہے ، اور اگر خواہش مند بھی اپنی رضامندی کا اظہار تحریری طور پر کرے ۔ متبادل صورت میں بھی ایسے ہی ہے مطلب اگر ممبر ملک میں بچے کے (خاندان کے افراد) بہن بھائی یا والدین کا انحصار آپ کی مدد پر ہے ۔

یونان کے لیے ممکن (ضروری) ہے کہ ہر صورت میں حتمی فیصلہ آنے سے پہلے ممبر ملک میں خاندان کے کسی بھی فرد کے ساتھ تعلق کی صورت میں انسانی حقوق کی بناء پر خاندان کی بنیاد یا ثقافتی معیار کے تحت ملاپ کی درخواست درج کرے ، بشرطیکہ خواہش مند اس کا اظہار تحریری طور پر کریں ۔

## رہائشی اجازت نامہ - ویزا- غیر قانونی داخلہ - سابقہ رہائیش کسی اور ممبر ملک میں- سابقہ پناہ کی درخواست

اگر آپ کے پاس رہائشی اجازت نامہ ہے ، (جو جاری ہے یا ختم ہو چکا ہے مگر دو (2) سال کا عرصہ ابھی نہیں گزرا) تو پھر ڈبلن III کے قانون کے مطابق جس حکومت نے آپ کو رہائیشی اجازت نامہ دیا ہے وہی عالمی پناہ کی درخواست کی جانچ پڑتال کرنے کی ذمہ دار ہے ۔

اگر آپ کے پاس ویزا ہے (جو جاری ہے یا ختم ہو چکا ہے مگر چھ (6) ماہ کا عرصہ ابھی نہیں گزرا) تو پھر ڈبلن III کے قانون کے مطابق جس حکومت نے آپ کوویزا دیا ہے ، وہی بین الاقو امی پناہ کی درخواست کی جانچ پڑتال کرنے کی ذمہ دار ہے ۔

اگر آپ کے پاس ایک سے زیادہ رہائشی اجازت نامے یا ویزے ہیں ،تو پھر ڈبلن III کے قانون کے مطابق آپ کی عالمی پناہ کی درخواست کی جانچ پڑتال کون سی حکومت کرے گی ، اس کا دارو مدار رہائشی اجازت نامہ یا ویزا کی مدت اور ختم ہونے کی تاریخ پر ہے ۔

اگر آپ یونان آنے سے پہلے کسی اور ڈبلن III (کے ممبر ملک) میں غیر قانونی داخل ہوے تھے ، تو وہی بین الاقو امی پناہ کی درخواست کی جانچ پڑتال کرنے کی ذمہ دار ہے ، بشرطیکہ مخصوص مدت میں ممبر ملک کی جگہ نہیں چھوڑ دی تو ، یہ ضابطہ غیر قانونی داخل ہونے کے 12 ماہ بعد والوں پر نہیں ہے -

بین الاقو امی پناہ کی درخواست دائر کرنے سے پہلے پانچ (5) ماہ کسی اور ممبر ملک میں رہنے کی صورت میں وہی حکومت بینالاقوامی پناہ کی درخواست کی جانچ پڑتال کرنے کی ذمہ دار ہے -

اگر آپ کسی ایک ممبر ملک میں ویزا کے بغیر قانونی طور پر داخل ہوے ، تو وہی حکومت بینالاقوامی پناہ کی درخواست کی جانچ پڑتال کرنے کی ذمہ دار ہے -

اگر آپ نے کسی رکن ملک کے بین الاقوامی ٹرانزٹ ایریا ہوائی اڈے پر درخواست دی ہے تو وہ ریاست بین الاقوامی تحفظ کے لیے آپ کی درخواست کی جانچ کرنے کی ذمہ دار ہے-

اگر پہلے ہی کسی ممبر ملک میں عالمی پناہ کی درخواست دے چکے ہیں اور مشترکہ ممالک کی زمین کو چھوڑے ہوے تین (3) ماہ سے زیادہ کا عرصہ نہیں گزرا اور اس حکومت کی طرف سےکیس خارج ہونے کا آخری حتمی فیصلہ نہیں آیا یا کسی وجہ سے ضروری قانونی کاروائی مکمل نہیں ہوئی تو وہی حکومت بینالاقوامی پناہ کی درخواست کی جانچ پڑتال کرنے کی ذمہ دار ہے -

## احتیاط⚠

اگر مندرجہ بالا درج شدہ شرائط میں سے کوئی بھی شرط آپ کی صورت حال پر لاگو نہیں ہوتی تو آپ کی بین الاقوامی پناہ کی درخواست کی جانچ پڑتال کرنے کی ذمہ دار یونان حکومت ہے -

## اگر ڈبلن III میں شامل ریاستوں میں سے کوئی اور ریاست آپ کی بین الاقو امی پناہ کی درخواست کی جانچ پڑتال کرنے کی ذمہ دار ہے -

اگر مندرجہ بالا شرائط کے تحت کوئی اورممبر ملک آپ کی درخواست کی وصولی اور جانچ پڑتال کرنے کی ذمہ دار ہے تو تب آپ نے جو درخواست یونان میں دی ہے اس کو ناقابل قبول مانتے ہوے رد کر دیا جائے گا اور آپ کو قانون کے مطابق قبولیت کی تاریخ سے چھ (6) ماہ کے اندر دوسرے ملک میں منتقل کیا جائے گا -

آپ اس فیصلے کے خلاف اپیل کے ادارے میں نظر ثانی کی درخواست ( اپیل ) درج کرا سکتے ہیں فیصلے میں درج مدت میں آپ ضلعی پناہ کے ادارے یا پناہ کی خود مختار شاخ میں اپیل درج کرا تے ہیں

## خاص معلومات ℹ

مندرجہ بالا شرائط کو عملی طور پر نافذ ہونے کے مقصد کے لیے آپ جب بین الاقو امی پناہ کی درخواست درج کرائیں تو پناہ کے ادارے کو مندرجہ ذیل (کوائف / معلومات) سے اگاہ کریں -

1) اگرآپ کے پاس کسی اور ممبر ملک کا قونصلرویزا ہے ؟
2) اگرآپ کے پاس کسی اور ممبر ملک کا رہائشی اجازت نامہ ہے ؟
3) اگرآپ دوسرے ملک سے ہوتے ہوے یونان میں غیر قانونی داخل ہوے ؟
4) اگرآپ یونان آنے سے پہلے کسی دوسرے ممبر ملک میں غیر قانونی رہتےتھے ، اورکتنا عرصہ ؟
5) اگرآپ کے خاندان کے افراد دوسرے ممبر ملک میں رہتے ہیں اور کس حثیت / درجے میں ؟

تمام ضروری معلومات ضرور دیں ، اور ثبوت جو آپ کے پاس ہیں (اپنے اور اپنے خاندان کے ممبران کے پناہ کے کارڈ اوررہائشی اجازت نامے ، آپ کی خاندانی حالت (شادی شدہ یا غیر شادی شدہ ) کے کاغذات ، دوسرے سرٹیفکیٹ ، ویزے ، دوسرے ملک میں موجودگی کے ثبوت کے کاغذات جیسا کہ سفری ٹکٹ ، ہوٹل کی رسیدیں ، مکان کے کاغذات وغیرہ)

## قومی ڈبلن یونٹ سے رابطہ

معلومات کے لیے برائے مہربانی قومی ڈبلن یونٹ سے رابطہ کریں ۔

روزانہ کام کے دنوں میں **فون نمبر** : **213-1629157** **اوقات کار:** 12:00 – 10:00 ۔ را بطہ صرف انگریزی اور یونانی زبان میں ممکن ہے ، اور ضروری ہے کہ کارڈ پر لکھا ہوا کیس نمبر معلوم ہو۔

آپ اس ای میل میںas.dpt.ndu@migration.gov.gr برقی طریقے سے پیغام بھی بھیج سکتے ہیں ،پیغام صرف انگریزی یا یونانی زبان میں ممکن ہے ، اور ضروری ہے کہ کارڈ پر لکھا ہوا کیس نمبر بھی درج ہو ۔

## نابالغوں کےڈبلن مقدمہ کےبہترین مفاد کا تعین

ایک نیا آلہ جو بنا ہمراہ نابالغ کی خاندان سے ملاپ کی درخواستوں کی ضرورت میں مدد کرتا ہے

قومی ڈبلن یونٹ نے بنا ہمراہ نابالغ کی بہتری کے لیے خاندان سے ملاپ کی درخواست کی بہترین تشخیص کے لیے ڈبلن 604/2013ضابطہ کا نیا آلہ بنایا ہے ۔

مخصوص آلہ کا مقصد بنا ہمراہ نابالغ کی درخواست کے متعلق تمام ضروری معلومات جو دوسرے رکن ملک مانگتے ہیں ان کو اکٹھا کرنا ہے ۔

UNHCR ، UNICEFاور EASOنے یہ آلہ بنانے میں تعاون کیا اور قومی ڈبلن یونٹ نےدوسری پہلے سے موجود غیر سرکاری تنظیموں کی استعمال کی گئی رپورٹوں کو حساب میں رکھا ۔

ڈبلن یونٹ کی بہترین تشخیص کے فارم کو ڈاون لوڈ کرنے اوراس Checklistکو pdfکرنے اور ہدایات کے لیے مندرجہ ذیل ویب سائیڈ ملاحظہ کریں ۔ : https://migration.gov.gr/en/gas/diadikasies/doyvlino-iii/

مزید معلومات کے لیے براہ کرم ڈبلن یونٹ سے یہاں رابطہ کریں: as.dpt.ndu@migration.gov.gr

**معلومات :**

قومی ڈبلن یونٹ

پتہ : شاہراہ تھیوون 198 – 196 عمارت کیرانی دوسری منزل 18233

ٹیلی فون : 213-1629157 (0030)دن 10 بجے سے 12 بجے تک

ای میل: as.dpt.ndu@migration.gov